www.pengravity.com 03252666328

# FEDERAL PUBLIC SERVICE COMMISSION
## COMPETITIVE EXAMINATION-2025 FOR RECRUITMENT TO POSTS IN BS-17 UNDER THE FEDERAL GOVERNMENT

## URDU LITERATURE

**Roll Number**

| | |
|---|---|
| TIME ALLOWED: THREE HOURS | (PART-I MCQs) MAXIMUM MARKS: 20 |
| PART-I (MCQs) : MAXIMUM 30 MINUTES | (PART-II) MAXIMUM MARKS: 80 |

**NOTE: (i)** First attempt **PART-I (MCQs)** on separate **OMR Answer Sheet** which shall be taken back after **30 minutes.**
**(ii) Overwriting/cutting of the options/answers will not be given credit.**
**(iii)** There is **no negative** marking. All MCQs must be attempted.

## PART-I (MCQs)(COMPULSORY)

**Q.1. (i)** Select the best option/answer and fill in the appropriate Box ▢ on the **OMR Answer Sheet. (20x1=20)**
**(ii)** Answers given anywhere else, other than OMR Answer Sheet, will not be considered.

1. شعر میں موجود صنعت کی نشاندہی کریں۔
میں نے مجنوں پہ لڑکپن میں اسد    سنگ اُٹھایا تھا کہ سر یاد آیا
(A) رمز (B) تعریض (C) تلویح (D) ایما

2. قرۃ العین حیدر کس مشہور افسانہ نگار کی بیٹی تھیں؟
(A) منشی سجاد حسین (B) راشد الخیری (C) سجاد حیدر یلدرم (D) ڈپٹی نذیر احمد

3. ماں جی کس کی تخلیق ہے؟
(A) مرزا ادیب (B) قدرت اللہ شہاب (C) شوکت صدیقی (D) عصمت چغتائی

4. ہم آہ بھی کرتے ہیں تو ہو جاتے ہیں بدنام ... وہ قتل بھی کرتے ہیں تو چرچا نہیں ہوتا۔ شاعر کا نام بتائیے؟
(A) اکبر الہ آبادی (B) حسرت موہانی (C) ظفر علی خان (D) علامہ اقبال

5. پریم چند کا اصل نام بتائیے؟
(A) مادھو رام (B) امرت لال (C) دھنپت رائے (D) سدرشن

6. مرزا غالب نے کس کے نام سب سے زیادہ خطوط لکھے؟
(A) منشی ہرگوپال تفتہ (B) میر مہدی مجروح (C) مرزا حاکم علی مہر (D) سب کو برابر لکھے

7. شہر آشوب کس نوعیت کی صنفِ شاعری ہے؟
(A) معاشرتی بدحالی (B) قومی ترقی (C) ہجر و فراق (D) عشق و محبت

8. ماہ تمام کس شاعرہ کی کلیات ہے؟
(A) کشور ناہید (B) پروین شاکر (C) فہمیدہ ریاض (D) ادا جعفری

9. تلمیح کے لفظی معنی کیا ہیں؟
(A) بلانا (B) بات کرنا (C) اشارہ کرنا (D) کہانی سنانا

10. "آثار الصنادید" کس کی کتاب ہے؟
(A) سر سید احمد خان (B) مرزا غالب (C) مولانا حالی (D) ڈپٹی نذیر احمد

11. وہ نظم جو قافیہ اور ردیف کی قید سے آزاد ہو مگر ایک ہی بحر اور وزن میں لکھی گئی ہو اسے کیا کہتے ہیں؟
(A) نظم آزاد (B) ہائیکو (C) نظم معرا (D) رباعی

12. اہل زبان کی مخصوص بول چال میں جب لفظ اپنے حقیقی معنوں میں استعمال ہوں تو قواعد کی روسے کیا کہلاتے ہیں؟
(A) مصدر (B) فعل (C) محاورہ (D) روزمرہ

13. یوسف خاں کمبل پوش کی وجہ شہرت بتائیے؟
(A) داستان نویسی (B) شاعری (C) سیاحت (D) تذکرہ نویسی

14. اُردو کی وہ کون سی کتاب ہے جس میں عربی فارسی کا ایک بھی لفظ شامل نہیں ہو؟
(A) مہر نیم روز (B) فسانہ عجائب (C) پدماوت (D) رانی کیتکی کی کہانی

15. اُردو علامتی افسانہ نویس میں کون سا نام اہم ہے؟
(A) انور سجاد (B) منشا یاد (C) اے حمید (D) احمد ندیم قاسمی

16. دوزخی کس کی سوانح عمری ہے؟
(A) عصمت چغتائی (B) بانو قدسیہ (C) الطاف فاطمہ (D) زاہدہ حنا

17. علامہ اقبال کی مشہور نظمیں شمع و شاعر ، خضرِ راہ، طلوع اسلام کس ہیئت میں لکھی گئیں؟
(A) مخمس (B) ترکیب بند (C) ترجیع بند (D) مستزاد

18. منٹو کے افسانوں کے پہلے مجموعے کا نام بتائیے؟
(A) منٹو کے افسانے (B) دھواں (C) چغد (D) آتش پارے

19. شبلی نعمانی معروف کتاب سیرت ِ النبی ﷺ کی ایک جلد لکھ سکے باقی سید سلمان ندوی نے لکھیں ۔ اُنھوں نے کتنی جلدیں لکھیں؟
(A) تین (B) چار (C) پانچ (D) چھ

20. حیات جاوید کس نوعیت کی کتاب ہے؟
(A) آپ بیتی (B) سوانح عمری (C) تذکرہ (D) تاریخ





## PART-II

**NOTE: (i)** **Part-II** is to be attempted on the separate **Answer Book.**
**(ii)** Attempt **ALL** questions.
**(iii)** All the parts (if any) of each Question must be attempted at one place instead of at different places.
**(iv)** Write Q. No. in the Answer Book in accordance with Q. No. in the Q.Paper.
**(v)** No Page/Space be left blank between the answers. All the blank pages of Answer Book must be crossed.
**(vi)** Extra attempt of any question or any part of the question will not be considered.

Pengravity CSS PMS

سوالنمبر2.(الف) درج ذیل میں سے کسی ایک جزو کی تشریح کیجئے اور شاعر کا نام بھی لکھیئے۔ (15)

**جزواوّل**

(1) فروغِ شعلۂ خس یک نفس ہے
ہوس کو پاسِ ناموسِ وفا کیا

(2) نفس موجِ محیطِ بے خودی ہے
تغافل ہائے ساقی کا گلہ کیا

(3) دماغِ عطرِ پیراہن نہیں ہے
غمِ آوارگی ہائے صبا ، کیا

(4) یہ قاتل وعدہ صبر آزما کیوں
یہ کافر فتنہ طاقت ربا کیا؟

**جزودوم**

یہ ہاتھ سلامت ہیں جب تک
اس خوں میں حرارت ہے جب تک
اس دل میں صداقت ہے جب تک
اس نطق میں طاقت ہے جب تک
ان طوق و سلاسل کو ہم تم
سکھلائیں گے شورش بربط و نے
وہ شورش جس کے آگے زبوں
ہنگامہ طبل قیصرو کے
آزاد ہیں اپنے فکر و عمل
بھرپور خزینہ ہمت کا
اک عمر ہے اپنی ہر سا عت
امروز ہے اپنا ہر فردا
یہ شام و سحر یہ شمس و قمر
یہ اختر و کوکب اپنے ہیں
یہ لوح و قلم یہ طبل و علم
یہ مال و حشم سب اپنے ہیں

(ب) مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک کا جواب دیجیئے۔ (10)

فیض کی شاعری میں جذبہ اور نظریہ دونوں موجود ہیں۔ ڈاکٹر انور سدید کے اس خیال کی روشنی میں دستِ صبا کا تجزیاتی مطالعہ پیش کیجیے ۔

یا

ناصرکاظمی نے عصری و ملکی حالات کی سنگینی کو میر کے پُرسوز اور دھیمے لہجے میں پیش کیا۔ دلائل سے وضاحت کیجیے۔

سوالنمبر3.(الف) احمد ندیم قاسمی نے پنجاب کے دیہات کو اُردو ادب میں اعتبار بخشا۔ " کپا س کا پھول " کے تناظر میں بحث کیجیے۔ (15)

یا

''ہم عہد یوسفی میں جی رہے ہیں'' اس بیان کی روشنی میں مشتاق احمد یوسفی کے فنِ طنز و مزاح سے آگاہ کیجیے ۔

(ب) درج ذیل اقتباسات میں سے کسی ایک کی تشریح کیجیے . مصنّف اور کتاب یا مضمون کا حوالہ بھی دیجیے۔ (10)

ایک نہیں دو گالیاں____ بار بار دو گالیاں جو سیٹھ نے بالکل پان کی پیک کی مانند اپنے منہ سے اگل دی تھیں ۔ اس کے کانوں کے پاس زہریلی بھڑوں کی طرح بھنبھنانا شروع کر دیتی تھیں۔ اور وہ سخت بے چین ہو جاتا تھا وہ کیسے --- اس --- اس کی سمجھ میں نہیں آتا تھا کہ اس گڑبڑ کا نام کیا رکھے جو اس کے دل میں اور دماغ میں ان گالیوں نے مچا رکھی تھی۔ وہ کیسے اس تپ کو دور کر سکتا تھا۔۔۔ اس کا دما غ تو اس وقت ایک ایسا اکھاڑا بنا ہو اتھا جس میں بہت سے پہلوان کشتی لڑ رہے ہوں جو خیال بھی وہاں پیدا ہوتا کسی دوسرے خیال سے جو پہلے ہی سے وہاں موجود ہوتا بھڑ جاتا او روہ کچھ سو چ نہ سکتا۔



یا



والئی ریاست اپنے علاقہ کا حاکم با اختیار ہے۔ سیاہ وسفید کا مالک ہے لیکن اس کے ساتھ ایک ایسی پچ لگی ہوتی ہے جس کے سامنے سارے اختیارات دھرے رہ جاتے ہیں۔ یہ ایک عجیب و غریب شخص ہوتا ہے۔ نہ صاحبِ اختیار، نہ صاحبِ جاہ و منصب، نہ غیر معمولی قابلیت اور ذہانت رکھتا ہے لیکن سب کچھ سمجھا جاتا ہے اور سب کچھ کر گزرتا ہے۔ یہ رزیڈنٹ بہاد ر ہیں، راج پاٹ تو حضور کا ہے لیکن کنکوے کی ڈور ''صاحب عالی شان بہادر'' کے ہاتھ میں ہوتی ہے۔ یہاں بڑے بڑے مدعیوں کے دعوے باطل ہو جاتے ہیں اور بڑے بڑے مدبروں کی تدبیریں بے سود ثابت ہوتی ہیں۔ بڑے صاحب کی نظرپھری ایک دنیا پھر جاتی ہے۔

سوالنمبر4. درج ذیل نثرپاروں میں سےکسی ایک کی تلخیص کیجئے۔ (10)

انسانی زندگی ایک ایسے عملِ مسلسل کا نام ہے جس کا طبعی تحرک کبھی ختم نہیں ہوتا اور جس کی صبا رفتاری کے آگے کسی قسم کی رکاوٹ کھڑی کرنا ممکن نہیں۔

www.pengravity.com 03252666328

یہی وجہ ہے کہ برگساں نے زندگی کو ایک ایسے صبا رفتار گھوڑے سے تشبیہ دی ہے جو ا فق کی تلاش میں سرگرداں کسی مقام پر ٹھہرے بغیر بڑھتا چلا جاتا ہے۔ یوں بھی حرکت ایک مطلق حقیقت ہے اور سکون باعتبارِاضافت ہے۔ جو زائد حرکت کی نسبت سے ساکن اور کم حرکت کی نسبت سے متحرک ہوتا ہے۔ اس تسلسل حیات کے برعکس جب جمود کا ذکر ہوتا ہے تو اس سے مراد زندگی کی رفتار کو روک دینا یا اسے جامد کرنا نہیں ہوتا بلکہ مقصد یہ ظاہر کرنا ہوتا ہے کہ زندگی سے تخلیق کی تازگی مفقود ہو گئی ہے اور اسلوبِ حیات ایک گِھسے پٹے سانچے کو قبول کرنے لگا ہے۔ ایسی صورت میں زندگی کا تسلسل حیوانی سطح پرتو قائم رہتا ہے لیکن اس میں جدت اور تنوع کا کوئ پہلو نظر نہیں آتا ۔

**یا**

موسم، ماحول،فطرت، لینڈ سکیپ، جغرافیہ یا جو بھی نام دے لیں ان سے شاعر کی جذباتی ہم آہنگی کوئی ایسی عجیب پُراسرار یا بعیداز فہم نہیں ہونی چاہیے۔ شدتِ احساس ، نفسی تناؤ یا اعصابیت کی بنا پر شاعر عام لوگوں کے مقابلہ میں موسمی تغیرات کا حساس پیمانہ ثابت ہو سکتا ہے۔ نازک طبع شاعر کے اعصاب تو موسم کےتال پر دھڑکتے ہیں۔ گرمی سے کملا جاتے ہیں۔ سردی سے حظ اُٹھاتے ہیں۔ برسات سے سرشار ہوتے ہیں،حبس سے پُرتناؤ رہتے ہیں اور برسات میں دھمال ڈالتے ہیں۔اس لیے اگر شعراء نے بدلتی رتوں سے تخلیقی اثرات قبول کرتے ہوئے اشعار کو موسم کا آئینہ بنا دیا تو یہ تعجب خیزنہ ہونا چاہیے البتہ برعکس ہونا باعث تعجب ہو سکتا ہے ۔

**سوالنمبر5.** **کسی ایک موضوع پر سیر حاصل مضمون لکھیئے۔** **(20)**

**(الف)** پاکستانی ادب پر علاقائی اثرات **(ب)** حلقئہ اربابِ ذوق **(ج)** کلاسیکی عہد میں اُردو شاعری

*********